تبصرہ نگار: ح۔ح

تعارف وتبصرہ

تبصرہ کے لیے کتاب کے دو نسخے ارسال کرنا ضروری ہے۔ کتابچہ نمار سالوں پر تبصرہ نہیں کیا جائے گا۔ (ادارہ)

مثالی استاذ (حصہ دوم)

مولف: مولانا محمد حنیف عبدالمجید، ناشر: بیت العلم ٹرسٹ کراچی، صفحات: ۳۳۲، قیمت: درج نہیں۔

استاذ اپنے شاگرد کے لیے بہت کچھ ہوتا ہے اور اس بہت کچھ کا مفہوم جتنا وسیع ہے، اسے چند سطروں سمیٹنا ممکن نہیں! وہ معلم ہے، مربی ہے، شفیق باپ اور مہربان دوست ہے اور ان خوبیوں کا جامع ایک مثالی استاذ وہی ہو سکتا ہے جو اپنے منصب کے تقاضوں کی رعایت کرے۔ ایک باکردار استاذ کو کن صفات کا حاصل ہونا چاہیے اور اس کے منصب کے کیا تقاضے ہیں، زیر تبصرہ کتاب میں مولف نے اس موضوع پر تفصیلی روشنی ڈالی ہے۔

مولف لکھتے ہیں:

> ”پہلے زمانہ میں طلبہ اپنے اساتذہ کرام سے صرف علم ہی نہیں سیکھتے تھے، بلکہ ان کی صحبت میں رہ کر اپنے باطن کی اصلاح، تقوی، دیانت اور امانت کی تربیت بھی حاصل کرتے تھے جس سے ان میں دین کی باتیں آگے پہنچانے اور تبلیغ دین کی لگن پیدا ہوتی تھی، لیکن جیسے جیسے زمانہ گزرتا گیا اس تعلق میں کمی آتی رہی، اس کمی کو دور کرنے اور استاذ، شاگرد، کا آپس میں تعلق بہتر سے بہتر بنانے کے لیے بیت العلم ٹرسٹ نے کچھ عرصہ پہلے ”مثالی استاذ“ کو شائع کیا تھا...... جس میں اساتذہ اور ارباب مدارس کے فرائض منصبی کو خوش اسلوبی سے انجام دینے، تدریس کو بہتر سے بہتر انداز میں پیش کرنے، طلبہ کی استعداد بڑھانے اور ان کی اچھی تربیت کرنے کے لیے قرآن وحدیث کی روشنی میں بزرگان اسلاف کے نصیحت آموز واقعات بھی ہیں اور علمی لطائف بھی۔“

زیر تبصرہ کتاب اس سلسلے کا دوسرا حصہ ہے۔

کتاب کی طباعت معیاری، ٹائٹل خوبصورت اور کاغذ درمیانے درجہ کا ہے۔

طلباء کے لیے تربیتی واقعات

مولف: مولانا محمد ناصر درویش، ناشر: مکتبہ بیت العلم، اردو بازار، کراچی، صفحات: ۱۷۴، قیمت: درج نہیں۔

اس کتاب میں مولف نے طلباء کی اصلاح وتربیت اور ان کے جذبۂ علم کو مہمیز دینے کے لیے اکابر واسلاف رحمہم اللہ کے واقعات نقل کیے ہیں۔

کتاب میں مولانا محمد انور بدخشانی زیدہ مجدہ اور مولانا نورالبشر زید مجدہ کی آراء بھی موجود ہیں۔ مولانا نورالبشر صاحب زید مجدہ کتاب کا تعارف کراتے ہوئے لکھتے ہیں:

"یہ کتاب...... طلباء کے لیے ایک خوبصورت گلدستہ ہے جس میں علم کی اہمیت، اس کی قدر افزائی، اس کے حصول کے راستے میں محنت ومشقت، وقت کی قدر وقیمت، اساتذہ کی خدمت، اساتذہ اور کتابوں کا ادب واحترام، اعمال صالحہ کی ترغیب، حقوق العباد کی اہمیت اور ترک معاصی واصلاح معاشرہ کے موضوع پر سینکڑوں واقعات کو بہترین انداز میں مرتب کر کے پیش کیا گیا ہے"۔

کتاب کا ٹائٹل دیدہ زیب، طباعت معیاری اور کاغذ درمیانے درجہ کا ہے۔

منزل کی تلاش

مصنف: مولانا عطاء اللہ شہاب، ناشر: دارالکتاب، کتاب مارکیٹ، غزنی اسٹریٹ اردو بازار، لاہور، صفحات: ۲۸۷، قیمت: ۱۴۰

مولانا عطاء اللہ شہاب غیر معمولی انتظامی خوبیوں کے مالک ہیں، جمعیت علماء اسلام سے نظریاتی وابستگی رکھتے ہیں اور شمالی علاقہ جات میں جمعیت علماء اسلام کے ناظم عمومی، گلگت بلتستان الائنس کے وائس چیئرمین اور وفاق المدارس العربیہ پاکستان کے نمائندہ خصوصی کی حیثیت سے دینی، سیاسی اور سماجی خدمات انجام دے رہے ہیں۔ اس کے ساتھ مولانا عطاء اللہ شہاب قلم سے بھی اپنا رشتہ جوڑے ہوئے ہیں۔ زیر نظر کتاب ان کے کالموں کا مجموعہ ہے، یہ کالم مختلف اخبارات ورسائل میں شائع ہوتے رہے۔ ان کالموں میں انھوں نے شمالی علاقہ جات کے سیاسی، دینی، معاشی اور تعلیمی موضوعات پر اظہار خیال کیا ہے۔

کتاب کی طباعت معیاری، ٹائٹل پرکشش اور کاغذ درمیانے درجے کا ہے۔

تمباکو اور اسلام

مؤلف: مولانا حفظ الرحمٰن اعظمی ندوی، ناشر: بیت العلم ٹرسٹ، صفحات: ۱۶۰، قیمت درج نہیں۔

مولانا حفظ الرحمٰن اعظمی ندوی جامعۃ الھدایۃ، جے پور (ہند) کے استاذ حدیث ہیں زیر نظر کتاب ان کے تحقیقی مضامین کا مجموعہ ہے جو پہلے ہندوستان کے مختلف رسائل ومجلات میں شائع ہو چکے ہیں۔ اپنے موضوع پر یہ معلومات افزا اور تحقیقی کاوش ہے، جس میں قدیم وجدید مآخذ اردو زبان میں سے پہلی بار تمباکو نوشی سے متعلق ڈھیر سارا مواد یکجا کر دیا گیا ہے۔

کتاب کے کل پانچ باب ہیں، باب اول میں تمباکو کی حقیقت، تاریخی پس منظر، مختلف ادوار میں امراء وسلاطین کی طرف سے تمباکو نوشی کے خلاف چلائی جانے والی مہمات کا تفصیلی جائزہ اور عصر حاضر میں تمباکو نوشی کے خلاف عالمی سطح کی کانفرنسوں کے اعلامیے دیے گئے ہیں۔ تمباکو کی طبی حیثیت پر بھی روشنی ڈالی گئی ہے۔